کمیونٹی گائیڈ برائے ماحولیاتی صحت، کہانیوں اور طریقہ کار کا ایک ایسا مجموعہ ہے جو دنیا بھر کے مختلف علاقوں کے صحت سے وابستہ کارکنان، اساتذہ، ڈاکٹروں اور پیشہ وروں کی صحت کے فائدے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے۔ یا ہر اُسی شخص کے لئے جو اپنی اور اپنے علاقے کی صحت کی بہتری کے لئے کام کرنے کا خواہاں ہو۔

کتاب کو استعمال کرنے کا طریقہ:

قدرتی وسائل اور صحت کو برقرار رکھنے کا ہر علاقے میں اپنا ایک طریقہ ہوتا ہے۔ اس حوالے سے یہ کتاب بہت نفع بخش ہوگی لازمی نہیں ہے کہ اس کتاب کا ہر حل، ہر کہانی اور ہر تجربہ آپ کی ضرورت پر پورا اُترے آپ کوئی دوسرا حل بھی آزما سکتے ہیں اور اس کا اضافہ یہاں پر کر سکتے ہیں۔ کتاب میں کسی موضوع کو پانے کے لئے ''فہرست'' کی مدد لیں۔ فہرست میں تمام موضوعات ترتیب دے دیئے گئے ہیں۔ فہرست کے بعد کہانیاں، تجربات اور طریقہ کار موجود ہیں۔ اس کے علاوہ ہر باب کی تفصیل متعلقہ باب کی ابتداء میں بھی موجود ہے۔

تصاویر:

تصاویر میں دنیا بھر سے لوگ ہیں ان میں سے بعض آپ کے علاقے کے لوگوں سے ملتے جلتے ہوں گے جبکہ بعض نہیں۔ لیکن جو جس طرح بھی رہتے ہوں، جیسے بھی لباس پہنتے ہوں، جیسے بھی گھروں میں رہائش پذیر ہوں۔ سب ماحولیاتی صحت کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں۔

مختلف معنوی کتاب

اس کتاب میں مختلف قسم کے معلومات درج ہیں جو کہانیوں، تجربات اور طریقوں کی شکل میں موجود ہیں۔